26-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ حیدرآباد کے کورار بن ریجن میں ایم ایم ٹی ایس ٹرین خدمات کے نٹ ورک کو مستحکم کریں۔

۲۔گورنر شیو پرتاپ شکلا نے عوام کو سری رام نومی کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔

۳۔وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے بھدراچلم میں رام نومی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

اور

۴۔سیول سپلائز کے کمشنر اسٹیفن رویندرا نے آکاش وانی کو بتایا کہ ریاست میں پٹرول، ڈیزل اور گیس کی قلت نہیں ہے۔

MANUU

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ ترجمہ کی جانب سے دوروزہ قومی سمینار منعقد ہوا جس کا موضوع "ترجمہ اور تغیر: زبان، ثقافت اور سماج کے باہمی روابط کا مطالعہ" تھا۔سمینار سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ارجمند آرا نے کہا کہ عہد قدیم سے انسانی تمدن کی ترقی اور تہذیبی تغیر و تبدیلی میں فن ترجمہ نے غیر معمولی کردار ادا کیا ہے۔مصر، یونان اور روم کی قدیم ترین تہذیبوں کے علمی وثقافتی سرمائے سے دنیا محروم ہی رہ جاتی اگر انہیں ترجموں کے ذریعے اگلی نسلوں تک منتقل نہیں کیا جاتا۔وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی پروفیسر سید عین الحسن نے سمینار کے افتتاحی اجلاس کی صدارت کی۔اپنے صدارتی خطبے میں انہوں نے کہا کہ علمی دنیا کبھی بھی ترجمے سے صرف نظر نہیں کرسکتی اور دنیا کے ہر بڑے ادیب نے اپنی زندگی کے کسی نہ

کسی حصے میں ترجمہ ضرور کیا ہے۔ پروفیسر علی رفا فتیحی نے کہا کہ ترجمہ محض ایک لسانی سرگرمی نہیں بلکہ ایک مکمل ثقافتی عمل ہے جس میں ایک زبان کی ثقافت دوسری زبان کی ثقافت میں ڈھل جاتی ہے۔ اس منتقلی میں مترجم کو مختلف قسم کی لسانیاتی و ثقافتی چیلنجز سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ پروفیسر باراں فاروقی نے اپنے خطاب میں کہا کہ مختلف ثقافتوں میں زبان کے الفاظ اپنے مخصوص معنی کے ساتھ جلوہ گر ہوتے ہیں انہیں جب دوسری زبان میں منتقل کیا جاتا ہے تو وہ معنی باقی نہیں رہ پاتے۔ ڈاکٹر سہیل احمد فاروقی نے اردو زبان میں الفاظ کی وسعت کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ عثمانیہ کے دارالترجمہ میں الفاظ سازی کے لیے جو اصول بنائے گئے تھے ان کی مدد سے ہم آج بھی مختلف نئے الفاظ تراش سکتے ہیں اور ہر قسم کے مضامین کو اردو میں آسانی کے بیان کیا جاسکتا ہے۔

D. Sridhar Babu

ریاستی وزیر صنعت و انفارمیشن ٹکنالوجی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت نے ڈاوس کے دورہ میں 2 لاکھ 19 ہزار کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری حاصل کی۔ انہوں نے آج اسمبلی ڈاؤس کے دوروں میں ریاست کو حاصل ہونے والی آمدنی کے بارے میں بی جے پی کے ارکان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔ سریدھر بابو نے کہا کہ مختلف کمپنیوں کے ساتھ 144 ایم او یوز پر دستخط کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروجیکٹس عمل آوری کے مختلف مراحل میں ہیں اور ان سے 68 ہزار 150 بے روزگاروں کو روزگار حاصل ہوگا۔ وزیر صنعت نے کہا کہ 2024ء میں ریاست کو 40 ہزار 232 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل ہوئی جبکہ 2025ء میں ایک لاکھ 78 ہزار 950 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل ہوئی۔ اس طرح مجموعی طور پر ریاست کو

2 لاکھ 19 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری ملی ہے۔سریدھر بابو نے ایوان کو بتایا کہ نظام آباد آئی ٹی ٹاور میں جملہ 681 ملازمین کی گنجائش ہے۔اس وقت 11 کمپنیاں یہاں کارکرد ہیں اوران میں 276 ملازمین کام کررہے ہیں۔ انہوں نے ایوان کو بتایا کہ حکومت سرمایہ کاری کے معاہدوں پر وائٹ پیپر جاری کرے گی۔

Vakiti Srihari

ریاستی وزیرواکٹی سری ہری نے کہاہے کہ ریاست میں طلبہ کو دوپہر کے کھانے میں مچھلی فراہم کی جائے گی۔انہوں نے اسمبلی میں ارکان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں ڈیری کی صنعت مضبوط ہے۔تلنگانہ انڈوں کی پیداوار میں اول مقام پر ہے۔وزیراقلیتی بہبود محمد اظہرالدین نے ایوان کو بتایا کہ اقلیتوں کی تعلیم کیلئے بھاری فنڈس فراہم کئے جارہے ہیں۔ایوان نے مویشی پالن،مچھلی پالن،کھیل کود،اقلیتی بہبود اور دیگر محکموں کے مطالباتِ زرکومنظوری دے دی۔

Harish Rao

سابق وزیراوراسمبلی میں بی آرایس کے ڈپٹی لیڈر ہریش راؤ کی قیادت میں بی آرایس کے ارکان اسمبلی نے آج گن پارک پراحتجاجی مظاہرہ کیا۔انہوں نے کانگریس حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ کاماریڈی ڈکلریشن میں اورانتخابی منشور میں پسماندہ طبقات سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرے۔ ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ حکومت پسماندہ طبقات کے ساتھ دھوکہ دہی کررہی ہے۔ بی آرایس کے ارکان نے مطالبہ کیا کہ حکومت مجالس مقامی میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات پرعمل آوری کرے اور بی سی کارپوریشن کیلئے فوری فنڈ فراہم کرے۔

## Road Accident

آندھراپردیش کے مارکاپورم ضلع میں آج ایک سڑک حادثہ پیش آیا۔ رایہ ورم کے قریب ایک خانگی ٹراویل بس نے ایک ٹپر کو ٹکر ماردی۔ اس کے نتیجہ میں دونوں گاڑیوں میں آگ لگ گئی۔ اس حادثہ میں بس میں سفر کررہے 14 افراد ہلاک ہوگئے جبکہ مزید 28 مسافرین زخمی ہوگئے۔ پولیس اور فائر بریگیڈ کے عملہ نے جائے وقوع پر پہنچ کر متاثرین کو راحت پہنچائی۔ یہ بس جگتیال سے نیلور ضلع کے کنی گیری جارہی تھی۔ بس میں 41 مسافرین سوار تھے۔ اس حادثہ پر وزیراعظم نریندر مودی اور تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اپنے رنج و ملال کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے مہلوکین کے خاندانوں کو فی کس دو لاکھ روپے اور ہر زخمی کو 50 ہزار روپے کی امداد کا اعلان کیا۔

## Assembly Session

تلنگانہ اسمبلی کا سیشن آج ساتویں دن بھی جاری رہا۔ صبح 10 بجے ایوان کی کارروائی شروع ہوتے ہی اسپیکر نے وقفہ سوالات شروع کیا۔ راجیو آروگیا شری اسکیم کے تحت بقایاجات کی ادائیگی کے بارے میں چیف منسٹر نے ایوان میں کہا کہ ان کی حکومت صحت اور تعلیم کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں شعبوں میں تلنگانہ پورے ملک کے لئے ایک مثالی ریاست بن رہی ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ان کی حکومت کو آروگیا شری اسکیم کے تحت بقایاجات پچھلی حکومت سے ورثہ میں ملے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آروگیا شری کے تحت علاج کی حد کو 5 لاکھ روپے سے بڑھا کر 10 لاکھ روپے کردیا گیا ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ٹیچنگ ہاسپٹلس کے انتظام کی ذمہ داری گروپ ون عہدیداروں کو سونپی جائے گی۔ ریونت ریڈی نے

کہا کہ ہر خاندان کو بیمہ کی سہولت کی فراہمی کیلئے ایک نئی اسکیم شروع کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ورنگل،الوال،ایل بی نگراور صنعت نگر،ٹمس دواخانوں کو سوپر اسپیشالٹی ہاسپٹلس میں تبدیل کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ آروگیا شری اورسی ایم ریلیف فنڈ کے ذریعہ ملنے والے فنڈس ان دواخانوں کو مختص کئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ گوشہ محل میں 30 ایکر اراضی پر 3 ہزار کروڑ روپیوں کی لاگت سے عثمانیہ دواخانہ کی نئی عمارت تعمیر کی جارہی ہے۔

Revanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ حیدرآباد کے کوراربن ریجن میں ایم ایم ٹی ایس ٹرین خدمات کے نٹ ورک کو مستحکم کریں۔انہوں نے کہا کہ عوام کی بڑھتی ہوئی ضروریات کی تکمیل کیلئے اس نٹ ورک کو مستحکم کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے آج ایک جائزہ اجلاس میں عہدیداروں سے دریافت کیا کہ حالیہ وقتوں میں ایم ایم ٹی ایس خدمات سے استفادہ کرنے والوں کی تعداد میں کیوں کمی آرہی ہے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ مصروف اوقات میں ایم ایم ٹی ایس ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ کریں اوراس بات کو یقینی بنائیں کہ عوام کو پابندی وقت کے ساتھ خدمات فراہم ہو۔عہدیداروں نے چیف منسٹر کو بتایا کہ ایم ایم ٹی ایس اسٹیشن اہم سڑکوں سے دور ہیں جس کی وجہ سے آرٹی سی بسیں وہاں تک نہیں چلائی جارہی ہیں۔ چیف منسٹر نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ مسافرین کی سہولت کیلئے منی بسیں چلانے کے امکان پر جائزہ لیں۔چیف منسٹر نے عہدیداروں سے یہ بھی کہا کہ وہ ایم ایم ٹی ایس اسٹیشنوں پر مسافرین کو تمام ضروری سہولتیں مہیا کریں۔اس اجلاس میں وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر،چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ،بلدی نظم ونسق کے اسپیشل سکریٹری جیش رنجن اوردیگر عہدیدارموجود تھے۔

Governor

گورنر شیو پرتاپ شکلا نے عوام کو سری رام نومی کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے سری رام نومی کے موقع پر نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ سری رام نومی پورے ملک میں عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جاتی ہے۔ اس مقدس دن پر سری رام اور سیتا کی شادی کی مقدس تقریب ( کلیان مہوتسو ) منائی جاتی ہے۔ گورنر نے کہا کہ ہمیں بھگوان رام کی مثالی زندگی سے سبق حاصل کرنا چاہیئے اور اپنی زندگی میں راست بازی کے اصول اپنانا چاہیئے تا کہ ایک بامقصد اور خوشحال زندگی گزار سکیں۔

Thummala Nageswara Rao

وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے بھدرا چلم میں رام نومی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ کل ریاستی حکومت کی طرف سے چیف منسٹر ریونت ریڈی رام نومی کے موقع پر بھدرا چلم کے مندر میں نذرانہ پیش کریں گے۔

Stephen Raveendra

سیول سپلائز کے کمشنر اسٹیفن رویندرا نے آکاش وانی کو بتایا کہ ریاست میں پٹرول، ڈیزل اور گیس کی قلت نہیں ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ افواہوں پر یقین نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو دن سے پٹرول پمپس پر عوام کی طویل قطاریں تھیں لیکن اب صورتحال معمول پر واپس آ گئی ہے۔

○○